© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

گزشتہ تین ماہ میں ہمارے بہت سے کرم فرما اور مہربان رحلت فرما گئے۔ سید ذوالکفل بخاری رحمہ اللہ کی یاد میں سہ ماہی اشاعتِ خاص کی وجہ سے انتقال فرما جانے والے حضرات وخواتین کی اطلاع شائع ہونے سے رہ گئی۔ ذیل میں تمام مرحومین کے اسماء درج کیے جا رہے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ حسبِ سابق سب کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ قائد احرار، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت اور لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

- قائد خاکسار تحریک جناب حمیدالدین المشرقیؒ (لاہور) ۱۰ر جنوری ۲۰۱۰ء
- دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے قدیم کارکن بھائی محمد رمضان کے والد گرامی غلام قادرؒ، ۲۰ر جنوری ۲۰۱۰ء
- مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم، مسجد احرار چناب نگر کے خطیب مولانا محمد مغیرہ کی والدہ ماجدہؒ
- مدرسہ ختم نبوت مسجد احرار چناب نگر کے منتظم عمومی حافظ محمد علی کی والدہ ماجدہؒ
- حافظ کفایت اللہ مرحوم (شہلی غربی، حاصل پور) کی والدہ ماجدہؒ
- ماہنامہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے والد ماجد صوفی نور محمدؒ
- دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے سابق طالب علم محمد احسنؒ (پی ٹی الطاف الرحمٰن کے بیٹے) ۲۰ر جنوری ۲۰۱۰ء
- مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے قدیم معاون حافظ محمد نعیم کی والدہ ماجدہؒ
- ہمارے دیرینہ کرم فرما چودھری افتخار علی پوسوال (چیچہ وطنی) کے چھوٹے بھائی طاہر محمودؒ
- ممتاز محقق ومصنف جناب حکیم محمود احمد ظفر (سیالکوٹ) کے نومولود پوتے
- چیچہ وطنی کے احرار کارکن جناب سعید احمد عارفی کے بہنوئی حافظ محمد عامرؒ، ۳ر جنوری ۲۰۱۰ء (عارف والا)
- جناب ذوالفقار علی مرحوم (المعروف خواجہ صاحب) چیچہ وطنی میں احرار کے قدیم معاون ۸ر جنوری ۲۰۱۰ء
- چودھری محمد عاطف ونیس کی والدہ ماجدہؒ (جناب محمد عباس نجمی کی تائی صاحبہ) چیچہ وطنی، ۱۰ر جنوری ۲۰۱۰ء
- عرفان اشرف چیمہ (لندن) کے عزیز ڈاکٹر محمد انور (چشمہ، کندیاں) کی اہلیہؒ، ۱۰ر جنوری ۲۰۱۰ء
- حاجی عبدالرزاق ڈوگر (چیچہ وطنی) کی ہمشیر صاحبہؒ (احرار کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود کی پھوپھی صاحبہ)، ۲۳ر دسمبر ۲۰۰۹ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- قاری عبدالہادی مرحوم: انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے مرکزی نائب امیر قاری شبیر احمد عثمانی (چناب نگر) کے چھوٹے بھائی، ۱۷؍جنوری ۲۰۱۰ء ● پروفیسر محمد اقبال جاوید (گوجرانوالہ) کی بیٹی اور عمر عثمان ہاشمی کی بھانجی مرحومہ
- جناب پروفیسر مشتاق احمد خان کیانی (لندن) کی ہمشیرہ اور اعظم خان (کراچی) کی والدہ ماجدہؒ، انتقال: ۳۰؍مارچ ۲۰۱۰ء (لاڑکانہ)
- عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ساہیوال کے رہنما محمد اسلم بھٹی کے والد گرامیؒ
- مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم نشر و اشاعت شیخ حسین اختر لدھیانوی کی بہو اور شیخ عابد حسین کی اہلیہؒ، ۵؍فروری ۲۰۱۰ء
- ماسٹر سعید احمد انصاری (مخدوم رشید) کی جواں سال دخترؒ، ۱۶؍فروری ۲۰۱۰ء
- ماسٹر عبداللطیف رحمہ اللہ: ملتان (سید ذوالکفل بخاریؒ اور سید محمد کفیل بخاری کے استاد)
- مجلس احرارِ اسلام ملتان کے کارکن محمد عاطف کی خوش دامن صاحبہ، ۲۱؍جنوری ۲۰۱۰ء

## دعاءِ صحت

- جناب محمد اسلم سندھو (لاہور) ● جناب محمد یوسف (فضل سوئیٹس ساہیوال) ● والدہ محترمہ، محمد فرحان الحق حقانی (ملتان)

قارئین سے دعاءِ صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

☆☆☆

## ''عینک فریمی''......ضروری تصحیح

''نقیبِ ختم نبوت'' کی اشاعتِ خاص جنوری، فروری، مارچ ۲۰۱۰ء کے صفحہ ۲۴۹ پر حافظ طاہر محمود کا مضمون بعنوان ''جناب عینک فریمی'' شائع ہوا ہے۔ ''نقیب'' میں ہلکے پھلکے طنز و مزاح کا مستقل کالم ''زبان میری ہے بات اُن کی'' پہلے عینک فریمی اور آج کل ساغر اقبالی کے نام سے شائع ہوتا ہے۔ حافظ صاحب کو سہو ہوا کہ ''عینک فریمی'' ذوالکفل بخاریؒ ہیں۔

اصل صورتِ حال یہ ہے کہ ایک طویل عرصہ تک یہ کالم عینک فریمی کے نام سے چھپتا رہا۔ لیکن اسلام آباد سے ہمارے بزرگ اور کرم فرما جناب عبداللطیف الفت نے ایک مضمون میں یہ راز منکشف کیا کہ عینک فریمی دراصل مرزا نذیر احمد کا قلمی نام تھا۔ جو ممتاز مزاح گو شاعر تھے۔ اُن کی مزاحیہ شاعری اور سوانحی حالات ''نقیبِ ختم نبوت'' کے شمارہ اگست ۲۰۰۸ء میں شائع ہو چکے ہیں۔

''زبان میری ہے بات اُن کی'' ہمارے بزرگ دوست اور قلمی معاون جناب حبیب الرحمٰن بٹالوی لکھتے ہیں۔ عینک فریمی کے تعارف کے بعد انھوں نے یہ نام ترک کر کے ساغر اقبالی کا قلمی نام تجویز کر لیا۔ قارئین تصحیح فرما لیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com